تحقیق میں شرکت کی منظوری کا مختصر فارم

آپ سے کسی تحقیقی مطالعے میں شریک ہونے کے لیے کہا جاتا ہے۔ اس سے پہلے کہ آپ مطالعے میں شریک ہوں، لازم ہے کہ اس مطالعے کی واضح تفصیلات ایک ایسی زبان میں آپ کو فراہم ہوں جو آپ سمجھ سکتے ہیں۔ جب آپ منظوری کے اس فارم پر دستخط کرتے ہیں تو دراصل درج ذیل باتوں کو تسلیم کرتے ہیں:

ترجمان، جو یا تواس مطالعے کو انجام دینے والے تفتیش کاروں میں سے ایک ہے یا ان کا نمائندہ ہے، آپ کویہ باتیں سمجھا چکا ہے:

1. تحقیق کا مقصد، طبی کاروائی، اور یہ کہ تحقیق کتنے عرصے میں ختم ہو جائے گی۔
2. تمام طبی کاروائیاں جن کی نوعیت صرف تجرباتی ہے۔
3. ایسے تمام خطرات جو عقلی طور پر پہلے ہی محسوس کیے جا سکتے ہوں (ممکنہ خطرات جو اس وقت تک معلوم ہو چکے ہوں)، اس تحقیق کے پریشان کن امور اور فوائد۔
4. امکانی طور پر سومند متبادل طبی کاروائیاں یا علاج، نیز
5. معلومات کے خفیہ رکھنے کو کس طرح یقینی بنایا جائے گا۔

جب اس مطالعے کے متعلق آپ کو بتایا گیا توکیا اس وقت آپ کو یہ بھی بتایا گیا:

1. اگر مطالعے کے دوران آپ زخمی ہو جائیں تو اس کا کیا معاوضہ یا طبی معالجہ فراہم کیا جائے گا،
2. اَن دیکھے خطرات (جو اس وقت تک سامنے نہیں آئے ہیں) کے امکانات۔
3. ایسے حالات جن میں تفتیش کار آپ کی شرکت پر روک لگا سکتا ہے۔
4. آپ کے ذمہ لگنے والا کوئی اضافی صرفہ۔
5. اگر اپنی شرکت روکنے کا فیصلہ آپ کرتے ہیں تو اس کا کیا نتیجہ ہوگا،
6. ایسی نئی معلومات کے بارے میں آپ کو کب بتایا جائے گا جو شریک رہنے میں آپ کی مرضی کو متاثر کر سکتی ہیں، نیز
7. اس مطالعے میں کتنے لوگ شریک ہوں گے۔

آپ کوبتایا گیا ہے کہ آپ............... بنیادی تفتیش کار(پی آئی) سے ....پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں، اگر آپ کے ذہن میں مطالعے کے تعلق سے کوئی سوال یا مسئلہ ہے،یا ایلینا انسٹی ٹیوشنل ریویو بورڈ کے انتظامی آفس سے 612-262-4920 پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں، اگر تحقیق میں شریک کار کے طور پر اپنے حقوق یا تحقیق کے بارے میں کچھ جاننا چاہتے ہیں، یا اس صورت میں کہ جب آپ زخمی ہو گئے ہوں۔

آپ کو بتایا جاچکا ہے کہ اس تحقیق میں آپ کی شرکت رضاکارانہ ہے، اور اگر آپ اپنی رضامندی ظاہر کرنے کے بعد تحقیق میں شامل نہ ہونے کا فیصلہ کرتے ہیں یا انکار کر دیتے ہیں تو آپ پر کوئی جرمانہ عائد نہ ہوگا اور نہ ہی آپ کو فوائد سے محروم کیا جائے گا۔

شرکت کے لیے آپ کی رضامندی حاصل کرنے کے بعد آپ کو بتا دیا گیا ہے کہ اس دستاویز کی ایک دستخط شدہ نقل آپ کو فراہم کی جائے گی، اور تحقیق کا ایک تحریری خلاصہ انگریزی زبان میں آپ کو دیا جائے گا۔

اس دستاویز پر دستخط کرنے کا مطلب یہ ہے کہ تحقیق کے متعلق اور مذکورہ بالا معلومات آپ کو زبانی طور پر سمجھائی جا چکی ہے، اور یہ کہ آپ شرکت کے لیے راضیہیں۔

______________________________ ____________________

شرکت دار/ قانونی طور پر تسلیم شدہ نمائندہ/ رشتہ دار کے دستخط — تایخ اور وقت

____

گواہ کے دستخط — تایخ اور وقت

Urdu